# نوٹس نیلام

## کینٹ بورڈ آفس کوہاٹ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ کوہاٹ اپنے مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات نیچے دی گئی تاریخوں پر نیلام کرنے جا رہا ہے۔ جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | ٹھیکہ | | ریٹ | زر بیعانہ | عرصہ | تاریخ نیلام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جنرل بس سٹینڈ | 1. بس (بڑی گاڑی جو 45 سیٹر) AC /Non AC<br>2. ٹویوٹا کوسٹر (26 سیٹر) AC/Non AC<br>3. ٹویوٹا (Hiace) فلائنگ کوچ (14 سیٹر)<br>4. ٹویوٹا ڈائسن (کمرشل)<br>5. سوزوکی پک اپ کمرشل<br>6. سازگار/تیز رفتار (رکشہ) وغیرہ | (ایک مسافر کے کرایہ کے برابر)<br>--do--<br>--do--<br>--do--<br>--do--<br>--do-- | 15 لاکھ روپے | ایک سال<br>(01-07-2022 تا<br>30-06-2023) | پہلی نیلامی 25-05-2022<br>دوبارہ نیلامی 26-05-2022<br>سہ بارہ نیلامی 27-05-2022<br>بوقت 14 00 |
| 2 | ٹیکسی اسٹینڈ | 1۔ موٹر سائیکل ، سکوٹر<br>2۔ رکشہ<br>3۔ موٹر کار، سوزوکی پک اپ، سوزوکی وین، پک اپ ڈاٹسن<br>4۔ ٹیوٹا یا ٹیکس | -/20 روپے<br>-/40 روپے<br>-/50 روپے<br>-/100 روپے | ایک لاکھ روپے | ایک سال<br>(01-07-2022 تا<br>30-06-2023) | پہلی نیلامی 25-05-2022<br>دوبارہ نیلامی 26-05-2022<br>سہ بارہ نیلامی 27-05-2022<br>بوقت 14:30 |
| 3 | لکڑی | | -- | ایک لاکھ روپے | -- | پہلی نیلامی 25-05-2022<br>دوبارہ نیلامی 26-05-2022<br>سہ بارہ نیلامی 27-05-2022<br>بوقت 14:45 |
| 4 | اولڈ سٹور | | -- | ایک لاکھ روپے | -- | پہلی نیلامی 25-05-2022<br>دوبارہ نیلامی 26-05-2022<br>سہ بارہ نیلامی 27-05-2022<br>بوقت 15:00 |

**شرائط:**

**1۔ جنرل بس اسٹینڈ**

(i) موجودہ اڈہ کا ایریا 10.491 ایکڑز ہے۔ دفتر ہذا اس میں Expension کرنا چاہتا ہے اور ساتھ منسلکہ دو عدد خالی پلاٹ Svy No. 458 ایریا 0.169 ایکڑ اور سروے نمبر 457/1 ایریا 0.396 ایکڑ، اس میں ضم کر کے اڈے کی توسیع کرنا چاہتا ہے تاکہ اڈہ کے حجم کو بڑھایا جائے اور دیگر روٹس کی بسیں اور کوسٹر شامل کی جا سکیں

(۲) ٹھیکہ دار اپنے خرچے پر expension میں نالہ کے ساتھ ساتھ پتھروں کی دیوار لگانے مٹی کی فلنگ کرنے اور شیڈ وغیرہ لگائے گا جسکے ضمن میں بعد میں کوئی Claim نہ کرے گا۔ جسکی تفصیلات باقاعدہ ایگریمنٹ میں باقاعدہ درج ہوں گی۔

CS Scanned with CamScanner

۳) ٹھیکہ دار ٹھیکہ کے اختتام پر دفتر کینٹ بورڈ سے کسی بھی مد میں کوئی Compensation طلب کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

۴) کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم یکساں اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہوگا جو کہ 01-07-2022 تا 30 جون 2023 تک جمع کروانا ہوگی نیز ماہ اکتوبر تک کی پہلی قسط ایڈوانس جمع کرانا ہوگی۔ اس کے علاوہ باقی قسطیں ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک جمع کرانا ہوں گی۔ لیٹ قسط جمع کرانے کی صورت میں -/5000 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ ہوگا۔ اگر 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کروائی گئی تو ٹھیکہ بغیر مزید نوٹس کے کینسل تصور ہوگا اور اگر کوئی رقم ٹھیکیدار کے ذمہ باقی رہتی ہوگی تو وہ رقم قانونی کاروائی کے ذریعے محکمہ مال کے ذریعے اس کی ذاتی جائیداد/اس کے وارثان کی جائیداد یا اس کے منظور شدہ ایجنٹ کی جائیداد سے وصول کی جائیگی۔

۵) ٹھیکدار کینٹ بورڈ کی حدود میں داخل ہونے والی کمرشل گاڑیوں سے منظور شدہ ریٹس کے مطابق اڈا فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا اگر کوئی ڈرائیور اڈہ فیس ادا نہیں کرتا تو ٹھیکیدار کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ مذکورہ گاڑی کو روک کر منظور شدہ ریٹس کے برابر گیارہ گنا فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

۶) ٹھیکدار منظور شدہ ریٹس سے زیادہ وصول نہیں کرے گا خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا۔

۷) ٹھیکدار اڈا/پارکنگ فیس کی وصولی کے لیئے ایجنٹ/ورکرز کی کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سے تحریری طور پر ان کے مکمل کوائف کے ساتھ منظوری لے گا ان کے علاوہ کوئی شخص وصولی نہیں کر سکے گا ٹھیکدار ورکرز/ایجنٹس کی تنخواہ/اجرت خود ادا کرے گا۔

۸) ٹھیکدار اپنے خرچے پر کینٹ بورڈ کے تجویز کردہ یونیفارم تیار کروانے کا پابند ہوگا جو کہ اڈہ شاف کے لیئے دوران ڈیوٹی پہننا لازم ہوگا۔

۹) ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کو مزید ٹھیکہ پر نہیں دے گا اور نہ ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کے نام پر بغیر مجاز اتھارٹی تبدیل کروا سکے گا۔

۱۰) ٹھیکیدار عوام الناس کی سہولت کے لیئے اڈہ پر سایہ دار بیٹھنے کی جگہ، پینے کے پانی، باتھروم، بجلی، پنکھوں اور لائٹس کا انتظام کرنے کا اور اڈہ کو

۱۱) صاف ستھرا رکھنے کا ذمہ دار ہوگا جس کو محکمہ کینٹ بورڈ چیک کر سکتا ہے اور ناکامی کی صورت میں جرمانہ بھی عائد کر سکتا ہے جس کو ٹھیکہ دار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۲) موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر اڈہ کی سیکیورٹی کا مناسب انتظام اور اس کا خرچہ ٹھیکہ دار کی ذمہ داری ہوگی اس ضمن میں کنٹونمنٹ بورڈ کی ہدایات پر عمل کرنا لازمی ہوگا۔

۱۳) ٹھیکیدار ہر گاڑی کے کاغذات روٹ پرمٹ اور سامان کیلئے چھت پر حفاظتی جنگلے کو یقینی بنائے گا۔

۱۴) کسی بھی ایونٹ/غیر متوقع حالات/ گاڑیوں کی رکاوٹ/ہڑتال کی صورت میں ٹھیکیدار کلیم نہیں کر سکے گا۔

۱۵) کنٹونمنٹ بورڈ وقتاً فوقتاً کسی قسم کی ہدایت جاری کر سکتا ہے۔ جس پر ٹھیکیدار کا عمل کرنا لازمی ہوگا۔

۱۶) مذکورہ بالا شرائط کے خلاف ورزی کی صورت میں محکمہ کنٹونمنٹ بورڈ ٹھیکہ کینسل کر کے قبضہ حاصل کرنے کا مجاز ہوگا۔ اور جمع شدہ اقساط بمعہ سیکورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ بغیر کوئی نوٹس دیئے ضبط کر لی جائے گی۔ ٹھیکیدار عدالت میں جانے کا مجاز نہ ہوگا۔

## 2. ٹیکسی اسٹینڈ

۱) کامیاب بولی دہندہ درج ذیل شیڈیول کے مطابق ٹیکسی اسٹینڈ فیس یومیہ کے حساب سے وصول کرے گا۔

۲) ٹھیکہ دار ٹیکسی اسٹینڈ فیس اپنے اسٹاف کی مدد سے وصول کرے گا اور تمام اسٹاف کے شناختی کارڈ کی کاپیاں اور دیگا تفصیلات دفتر ہذا کو جب ضرورت ہو مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

۳) ٹھیکہ دار تمام گاڑیوں بمعہ گاڑی نمبر، مالک کا نام اور شناختی کارڈ نمبر اور موبائل نمبر کا مکمل ریکارڈ بوٹ کرے گا اور ضرورت پڑنے پر دفتر ہذا کو مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

۴) بولی منظوری کے 10 دن کے اندر اندر ٹھیکہ دار دفتر ہذا سے ٹھیکہ کا معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

۵) اوپر درج شرائط میں سے کسی ایک شق کی بھی خلاف ورزی کی صورت میں کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر/ کینٹونمنٹ بورڈ شرائط کی خلاف ورزی کو دیکھتے ہوئے جرمانہ عائد کرے گا اور ٹھیکہ منسوخ بھی کیا جا سکتا ہے اور ٹھیکہ دار کی سیکیورٹی (کل بولی کا 1/4 حصہ) رقم ضبط کر کے کینٹ فنڈ میں جمع کر دی جائے گی اور بقایا رقم قانونی طریقہ سے وصول کی جائے گی۔

Scanned with CamScanner

.3 **لکڑی / اولڈسٹور**

۱) سامان جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر نیلام کیا جائے گا

۲) کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم کا 1/4 حصہ موقع پر ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۳) منظوری کے بعد کامیاب بولی دہندہ فوری طور پر بقیہ رقم جمع کرونے اور اپنا سامان اٹھانے کا پابند ہوگا۔

.4 **مشترکہ شرائط**

۱) ناکام بولی دہندگان کو جمع کردہ کال ڈیپازٹ نیلام عام کی کاروائی کے بعد واپس کردی جائے گی۔

۲). کامیاب بولی دہندہ کُل بولی کا چوتھائی حصہ موقع پر بطور ضمانت جمع کرانے کا پابند ہوگا جو کہ ٹھیکہ کی احسن تکمیل مدت کے بعد ٹھیکیدار کو واپس کردی جائے گی مذکورہ سیکورٹی کی رقم بولی کی رقم میں ایڈجسٹ نہ ہوگی۔

۳) کسی دوسرے کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کیلئے متعلقہ شخص کی طرف سے مصدقہ مختار نامہ اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی مہیا کرنا ہوگی

۴) کینٹ بورڈ اور ٹھیکیدار کے درمیان اگر کوئی تنازعہ ہوتا ہے تو ٹھیکیدار عدالت میں نہیں جائے گا بلکہ بطور ثالث ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس پشاور ریجن، پشاور کو کیس دائر کرے گا۔ جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔ اس فیصلے کے بعد ٹھیکیدار کسی عدالت نہیں جاسکے گا۔

۴) ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کا انکم ٹکس محکمہ انکم ٹیکس FBR کو مزید انکم ٹیکس ریٹس کے حساب سے ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۵) کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر PPRA رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے لیکن اس کی وجوہات بیان کرنے کا پابند نہ ہوگا۔ درخواست دہندہ کی درخواست پر بولی مسترد ہونے کی وجہ بتائی جائے گی۔

۶) ٹھیکیدار کو اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ کوہاٹ کے ساتھ نان جوڈیشل اسٹام پیپرز پر تحریری معاہدہ بھی کرنا ہوگا۔

۷) کنٹونمنٹ بورڈ کے ناہندگان بولی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

۸) نیلامی بمطابق قواعد وضوابط PPRA رولز 2004 عمل میں لائے جائے گی۔ نیز نوٹس PPRA ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

۹) مزید تفصیلات / معلومات کیلئے دورانِ اوقات کار رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

المُشتہر:

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

کنٹونمنٹ بورڈ، کوہاٹ کینٹ

فون نمبر: 0922-9260184

CS Scanned with CamScanner